2024-06-1

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں فہیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1. سات ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کے 57 حلقوں میں، ساتویں اور آخری مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے ووٹنگ جاری ہے۔
2. اس مرحلے میں 904 امیدوار ہیں، جن میں وزیراعظم نریندر مودی، انوراگ سنگھ ٹھاکر، روی شنکر پرساد اور منیش تیواری شامل ہیں۔
3. آسام میں سیلاب کی صورتحال اور خراب ہوگئی ہے۔ 11 ضلعوں میں تین لاکھ سے زیادہ افراد متاثر ہوئے ہیں۔
4. محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ ہریانہ، دلّی، پنجاب، راجستھان، اترپردیش، اڈیشہ، بہار اور جھارکھنڈ کے علاقوں میں آج بھی شدید گرمی رہے گی۔
5. اور: امریکہ نے حماس سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ غزہ میں تنازعے کو ختم کرنے کیلئے اسرائیل کی نئی تجویز کو تسلیم کرلے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

**Election 7 Phase**

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے ووٹنگ جاری ہے۔ اس مرحلے کے تحت 7 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام ایک علاقے کے 57 لوک سبھا حلقوں میں ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ اِن میں اترپردیش اور پنجاب میں 13-13 سیٹیں، مغربی بنگال میں 9، بہار میں 8، اڈیشہ میں 6، ہماچل پردیش میں 4، جھارکھنڈ میں 3 اور چنڈی گڑھ کی ایک سیٹ شامل ہے۔

10 کروڑ 60 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان، 904 امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔

اڈیشہ کے بقیہ 42 اسمبلی حلقوں کیلئے بھی پولنگ جاری ہے۔ پولنگ صبح سات بجے شروع ہوئی، جو شام 6 بجے تک جاری رہے گی۔

انتخابی کمیشن نے خوش اسلوبی اور شفافیت کے ساتھ ووٹنگ کو یقینی بنانے کیلئے وسیع انتظامات کئے ہیں۔ انتخابی افسران کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ جھلسا دینے والے گرمی سے پیدا چیلنجوں سے نمٹنے، ووٹروں اور پولنگ افسروں کی صحت وتندرستی کی حفاظت کیلئے اقدام کریں۔

تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے۔

**V-C Bhupendra Singh**

انتخابات کا یہ آخری مرحلہ، برسراقتدار اور حزب اختلاف دونوں کیلئے کافی اہم ہے۔ وزیراعظم اور سینئر BJP رہنما نریندر مودی، انوراگ ٹھاکر، روی شنکر پرساد، کانگریس رہنما منیش تیواری اور وِکرمادتیہ سنگھ، RJD رہنما میسا بھارتی اور ترنمول کانگریس رہنما ابھیشیک بنرجی سمیت ممتاز رہنما اس مرحلے میں امیدوار ہیں۔ انتخابات کے اس ساتویں مرحلے کے ساتھ ہی دنیا کا سب سے بڑا پولنگ عمل مکمل ہوگا۔ ووٹ ڈالنے کا یہ عمل 19 اپریل کو شروع ہوا تھا اور ابھی تک اس میں لوک سبھا کی 486 سیٹوں پر ووٹ ڈالے جاچکے ہیں۔ اب 4 جون کو ووٹوں کی گنتی کے ساتھ ہی اِن سیاسی رہنماؤں کی قسمت کا فیصلہ ہوگا۔

## Jharkhand Polling

جھارکھنڈ میں تین حلقوں Godda، دُمکا اور راج محل میں سخت حفاظتی بندوبست کے دوران پولنگ جاری ہے، جو صبح 7 بجے شروع ہوئی تھی اور سہ پہر پانچ بجے تک جاری رہے گی۔

53 لاکھ 24 ہزار سے زیادہ رائے دہندگان، 52 امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ امیدواروں میں 8 خواتین بھی شامل ہیں۔ جھارکھنڈ کے اعلیٰ انتخابی افسر K.Ravi Kumar نے بتایا کہ شدید گرمی کے سبب ہر ایک بوتھ پر بہت سے اقدام کئے گئے ہیں۔

## V-C K.K Lal

سبھی بوتھوں پر، رائے دہندگان کیلئے شامیانے، شیڈ اور پینے کے پانی سمیت بنیادی سہولیات فراہم کی گئی ہیں، تاکہ شدید گرمی سے پولنگ متاثر نہ ہو۔ بوتھوں پر طبی سہولیات بھی فراہم کی گئی ہیں۔ معمر اور جسمانی طور پر معذور رائے دہندگان کیلئے گاڑیوں اور وہیل چیئرس دستیاب کرائی گئی ہیں۔ حساس علاقوں میں کسی ناگوار واقعے کی روک تھام کیلئے گشت میں اضافہ کردیا گیا ہے۔ بین ضلعی سرحد اور بہار ومغربی بنگال سے متصل سرحد کو سیل کردیا گیا ہے، تاکہ یہاں سے کوئی دراندازی نہ ہو۔ انتخابات کا یہ مرحلہ BJP اور اِنڈی اتحاد دونوں کیلئے چیلنجوں سے بھرا ہے۔ شیبوسورین کی بہو سیتا سورین دُمکا سے چناؤ لڑ رہی ہیں، جن کا سیدھا مقابلہ JMM کے نَلِن سورین سے ہے۔ گوڈا حلقے میں BJP کے نِشی کانت دوبے، کانگریس کے پردیپس یادو کا مقابلہ کر رہے ہیں۔

JMM کے وجے Hansda کا راست مقابلہ راج محل سیٹ پر، BJP کے تالا مرانڈی سے ہے۔

## Bihar Poll

بہار میں، لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کے تحت آٹھ انتخابی حلقوں پٹنہ صاحب، پاٹلی پتر سہسرام، آرہ، کاراکاٹ، بکسر، جہان آباد اور نالندہ میں پولنگ کا عمل پُرامن طور پر جاری ہے۔ بھوجپور ضلعے کی Agjaon اسمبلی سیٹ پر بھی آج ضمنی انتخاب ہو رہا ہے۔ دیہی علاقوں میں آج صبح سویرے سے ہی ووٹروں کی لمبی قطاریں نظر آ رہی ہیں۔

گرمی کی شدید لہر کے تناظر میں ووٹ ڈالے جا رہے علاقوں میں پولنگ بوتھوں پر پینے کے پانی، سائبان اور بیٹھنے جیسی سہولیات کے ساتھ کئی طرح کے انتظامات کیے گئے ہیں۔ ایمبولینس خدمات اور اسپتالوں کو الرٹ رکھا گیا ہے۔

ایک کروڑ 62 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان ان آٹھ انتخابی حلقوں میں 134 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ اس مرحلے میں پٹنہ کمشنری خطے میں واقع سبھی سیٹوں پر انتخابات کرائے جا رہے ہیں۔ دریائی علاقے آرہ، پٹنہ اور پہاڑی خطے سہسرام اور کاراکاٹ پہارلیمانی حلقوں میں خصوصی چوکسی برتی جا رہی ہے۔

بکسر، روہتاس اور کیمور ضلعوں میں، اترپردیش اور جھارکھنڈ کی سرحدوں سے متصل علاقوں کو ووٹنگ کے اختتام تک کے لیے سیل کردیا گیا ہے۔ تاکہ پُرامن ووٹنگ کو یقینی بنایا جا سکے۔

ساتویں مرحلے کے سرکردہ امیدواروں میں مرکزی وزیر اور مشہور بھوجپوری گلوکار پَوَن سنگھ بھی اسی سیٹ سے اپنی سیاسی قسمت کے لیے کوشش کر رہے ہیں۔ BJP کے امیدوار اور سابق مرکزی وزیر رام کرپال یادو، RJD کے سربراہ لالو پرساد یادو کی بیٹی میسا بھارتی، جو پاٹلی پتر انتخابی حلقے سے چناؤ لڑ رہی ہیں اُن کی قسمت بھی ووٹنگ مشین میں بند ہو جائے گی۔ سرِ دست یہ تمام سیٹیں BJP اورNDA کی اتحادی پارٹیوں کے پاس ہیں۔ اس مرحلے میں آٹھ سیٹوں میں سے پانچ سیٹوں پر BJP، دو پر JDU اور ایک سیٹ پر راشٹریہ لوک مورچہ انتخابی میدان میں ہے۔ عظیم اتحاد کی طرف سے RJD، اور CPIML تین۔تین سیٹوں پر جبکہ کانگریس دو سیٹوں پر چناؤ لڑ رہی ہیں۔x

**Odisha Polling**

اوڈیشہ میں لوک سبھا کی 6 سیٹوں اور اسمبلی کے42 حلقوں کے لیے آج صبح سات بجے پولنگ کا عمل شروع ہو گیا۔ لوک سبھا کی جن سیٹوں پر آج پولنگ ہو رہی ہے، اُن میں Mayurbhanj، بالاسور، بھدرک، جاج پور، کیندراپارا اور جگت سنگھ پور انتخابی حلقے شامل ہیں۔ گرمی کی شدید لہر کو مدنظر رکھتے ہوئے انتخابی کمیشن نے پولنگ اسٹاف اور ووٹروں کے لیے خصوصی انتظامات کیے ہیں۔ آخری مرحلے میں BJP کے سابق مرکزی وزیر پرتاپ چندر سارنگی اور قومی نائب صدر Baijayant Panda کے علاوہ BJD کے سُدم Marndi، Lekhasri Samantsinghar، منجولتا منڈل، اور Anusman Mohanty جیسی سرکردہ شخصیات سمیت کُل 66 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔

اوڈیشہ میں لوک سبھا انتخابات کے ساتھ اسمبلی انتخابات بھی کرائے جا رہے ہیں، جس کے لیے BJD کے ریاستی وزراء Atanu Sabyasachi نائک، پریتی رنجن، Gharei اور پارٹی کے لیڈر Subhasini Jena اور Byomakesh Ray قست آزمائی کر رہے ہیں۔

BJP کے ریاستی صدر منموہن Samsal اور کانگریس کے سابق ریاستی صدر نرنجن پٹنائک ان سرکردہ امیدواروں میں شامل ہیں جن کی قسمت کا فیصلہ آج کیا جائے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ سے

**V/C Parkash Das**

اوڈیشہ میں آج تقریباً ایک کروڑ رائے دہندگان دس ہزار آٹھ سو 42 پولنگ بوتھوں پر اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کرکے لوک سبھا کی چھ اور اسمبلی کی 42 سیٹوں پر 460 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ اس آخری مرحلے کے انتخابات میں دو لاکھ 57 ہزار 345 رائے دہندگان پہلی مرتبہ اپنے حق رائے دہی کا استعمال کر رہے ہیں۔ صبح سے ہی ووٹروں کی لمبی قطاریں لگی ہوئی ہیں، دیہی علاقوں کے مرد خواتین اور پہلی مرتبہ ووٹ ڈالنے والے ووٹروں کے درمیان زبردست جوش و جذبہ نظر آ رہا ہے۔

اوڈیشہ میں گرمی کی خطرناک صورتحال کے تناظر میں رائے دہندگان اپنے نہایت پسندیدہ امیدوار کو ووٹ دینے کے لیے صبح ووٹ ڈالنے کو ترجیح دے رہے ہیں۔

ووٹنگ کے عمل کو پُرامن بنانے کے لیے مرکزی مسلح پولیس فورس کی کُل 126 کمپنیاں سبھی انتخابی حلقوں میں تعینات کردی گئی ہیں۔

## Punjab Polling

پنجاب میں سبھی 13 لوک سبھا حلقوں کیلئے پولنگ سخت حفاظتی بندوبست کے دوران آج صبح 7 بجے شروع ہوئی، جو شام 6 بجے تک جاری رہے گی۔

ریاست میں دو کروڑ 14 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان کیلئے 24 ہزار 451 پولنگ اسٹیشن قائم کئے گئے ہیں۔ اِن میں سے 16 ہزار 517 پولنگ اسٹیشن، دیہی علاقوں میں اور 7 ہزار 934 پولنگ اسٹیشن، شہری علاقوں میں قائم کئے گئے ہیں۔

328 امیدوار میدان میں ہیں، جن میں 169 آزاد امیدوار ہیں۔ ممتاز رہنماؤں میں BJP کی Praneet کور، سُشیل کمار رِنکو، ہنس راج ہنس، ترنجیت سنگھ سندھو، رَونیت سنگھ بِٹّو کانگریس پارٹی کے امریندر سنگھ راجا وارِنگ، چرنجیت سنگھ چنّی، سُکھجِندر سنگھ رَندھاوا اور سُکھپال سنگھ کھیڑا، عام آمی پارٹی کے پانچ کابینی وزراء گُرمیت سنگھ Khudian، ڈاکٹر بلبیر سنگھ، گُرمیت سنگھ Meetheyar، للجیت سنگھ بُھلر اور کلدیپ سنگھ دھالیوال نیز شرومنی اکالی دل کی ہرسمرت کور بادل شامل ہیں۔ پولنگ اسٹیشنوں پر ووٹروں کیلئے شدید گرمی سے بچنے کے مقصد سے وسیع انتظامات کئے گئے ہیں۔x

## Nadda Congress

BJP کے صدر جی پی نڈا نے کہا ہے کہ کانگریس کا ایگزٹ پول پینل مباحثے میں شامل نہ ہونے کا فیصلہ واضح طور پر اس کی توثیق ہے کہ اس نے 2024 کے لوک سبھا انتخابات میں اپنی ہار تسلیم کرلی ہے۔

انھوں نے مزید کہا کہ انتخاب جیتنے پر توجہ مرکوز کرنے کے بجائے کانگریس نے انتخابی عمل کو مسخ کرنے کے مقصد سے غلط مطالبہ کرتے ہوئے بار بار سپریم کورٹ سے رجوع کیا ہے۔x

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## Rev. Assam Flood

آسام میں آج سیلاب کی صورتحال اور بھی اَبتر ہوگئی ہے۔ یہاں 6 افراد ہلاک ہوگئے۔ آخری خبریں ملنے تک، سمندری طوفان ریمل کے بعد کے حالات میں موسلادھار بارش کی وجہ سے بڑے دریاؤں میں پانی کی بڑھتی ہوئی سطح کے سبب 11 ضلعوں میں تقریباً تین لاکھ 50 ہزار افراد متاثر ہوئے ہیں۔

سیلاب کی وجہ سے 25 Revenue سرکلز کے 560 گاؤں متاثر ہوئے ہیں اور ریاست بھر میں 4 ہزار 900 ہیکٹیئر رقبے کی فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔

کچھار میں تین افراد ہلاک ہوگئے، ہیلا کانڈی میں دو اور مغربی کربی انگلانگ ضلعے میں ایک شخص ہلاک ہوگیا۔

آسام کی، قدرتی آفات سے نمٹنے والی ریاستی اتھارٹی کے مطابق بہت سے ضلعوں میں سیلاب کے پانی کی وجہ سے بہت سی سڑکوں اور دیگر بنیادی ڈھانچوں کو نقصان پہنچا ہے۔ کچھار، کریم گنج اور ناگاؤں، سب سے زیادہ متاثرہ ضلعے ہیں۔ ریاستی سرکار نے سیلاب سے متاثرہ ضلعوں میں 148 راحت کیمپ اور راحت کا سامان تقسیم کرنے کے 39 مرکز کھولے ہیں۔ اس کے علاوہ SDRF ٹیموں کو بھی بچاؤ اور راحت کاموں پر تعینات کیا گیا ہے۔

Kopili، بارَک، کٹاکھَل اور کُشیارا ندیاں، خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہی ہیں۔×

## IMD Heatwave

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے دو دن میں شمال مغربی، وسطی اور مشرقی بھارت میں گرمی کی صورتحال میں رفتہ رفتہ کمی آئے گی۔ IMD نے مزید کہا کہ آج عام گرمی سے شدید گرمی ہریانہ، دلّی، پنجاب، راجستھان، اترپردیش، اڈیشہ، بہار اور جھارکھنڈ کے کچھ حصوں میں برقرار رہے گی۔ یہی صورتحال آج مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، اتراکھنڈ اور آندھرا پردیش میں بھی رہے گی۔ محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ اگلے دو دن تک شمال مغربی اور وسطی بھارت میں درجہ حرارت، دو سے تین ڈگری سیلسیس کم ہوجائے گا، جبکہ مشرقی بھارت میں تین سے چار ڈگری سیلسیس کی کمی ہوگی۔ IMD نے اگلے 6 دن کے دوران شمال مشرقی بھارت اور مغربی بنگال میں ہلکی سے معتدل بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

اگلے چار دن تک اسی طرح کی صورتحال بہار، جھارکھنڈ، اڈیشہ اور چھتیس گڑھ میں بھی رہنے کا امکان ہے۔ جنوبی بھارت میں اسی طرح کے حالات اگلے 6 دن تک کیرالہ، لکشدیپ، کرناٹک اور انڈمان نکوبار جزائر میں بھی رہنے کا امکان ہے۔ شمالی بھارت میں اگلے پانچ دن تک جموں وکشمیر، لداخ، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بارش اور گرج چمک کے امکانات ہیں۔×

## Heatwave

ملک کے شمال مغربی اور وسطی حصوں سمیت بہت سے علاقے اب بھی شدید گرمی کی زد میں ہیں۔ بھارت کے محکمہ موسمیات کے سائنسداں ڈاکٹر آر کے جینا منی نے آکاشوانی سے خصوصی طور پر بات کرتے ہوئے کہا کہ راستھان، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دہلی، اترپردیش، بہار مشرقی مدھیہ پردیش، اوڈیشہ اور جھارکھنڈ کے بہت سے حصوں میں گرمی سے شدید گرمی برقرار ہے۔

اترپردیش کے ضلع مرزا پور، میں کل لولگنے سے الیکشن ڈیوٹی پر تعینات چھ ہوم گارڈس کی موت ہوگئی۔ پچھلے 48 گھنٹے میں بہار میں لو لگنے سے29 افراد جبکہ اوڈیشہ میں شبہ ہے کہ لو سے سے 14 افراد کی موت ہوئی ہے۔

## US Prez-Gaza

امریکی صدر جوبائیڈن نے حماس سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ غزہ میں تنازع کو ختم کرنے کیلئے اسرائیل کی نئی تجویز کو تسلیم کرلے۔ تین حصوں پر مشتمل اس تجویز پر عمل، 6 ہفتے کی جنگ بندی سے شروع ہوگا، جس میں اسرائیل کی دفاعی فوجیں غزہ کے، آبادی والے علاقوں سے ہٹ جائیں گی۔ ساتھ ہی انسانی ہمدردی کی بنیاد والی مدد میں بھی اضافہ ہوگا اور فلسطینی قیدیوں کے بدلے کچھ یرغمالوں کی رہائی بھی ہوگی۔ اس سمجھوتے سے درحقیقت یہ مخاصمانہ عمل مستقبل طور پر رُک جائے گا اور غزہ کی تعمیر نو کیلئے ایک بڑا منصوبہ عمل میں آئے گا۔ امریکی صدر نے کہا ہے کہ یہ، اِس جان لیوا تنازع کے خاتمے کے آغاز کا بہترین طریقہ ہے۔

ایک بیان میں اسرائیل کے وزیراعظم بنجامن نیتن یاہو نے زور دے کر کہا ہے کہ یہ جنگ اُس وقت تک ختم نہیں ہوگی، جب تک سبھی یرغمال واپس نہ آجائیں اور حماس ملٹری اور غزہ کی سرکاری صلاحیتوں کا خاتمہ نہ ہوجائے۔ ×

## South Africa Election

جنوبی افریقہ میں پہلی بار ایک قومی مخلوط حکومت قائم ہونے کا امکان ہے کیونکہ جزوی نتائج میں حکمراں افریقی نیشنل کانگریس، ANC کو اکثریت حاصل نہیں ہوئی ہے۔ ملک کے 9 صوبوں میں 90 فیصد سے زیادہ ووٹوں کی گنتی کے بعد ANC نے بدھ کے روز ہوئے انتخابات میں صرف 41 فیصد ووٹ حاصل کیے ہیں۔ آخری اطلاع ملنے تک جمہوری اتحاد، DA نے 71 فیصد جبکہ سابق صدر جیکب زوما کی MK پارٹی نے 13 فیصد ووٹ حاصل کیے ہیں۔x

## Boxing

مکے باز نشانت دیو، جنہیں عالمی چمپئن شپ میں کانسے کا تمغہ حاصل ہے، ایسے پہلے بھارتی بن گئے ہیں، جنہوں نے 2024 کے پیرس اولمپک کھیل مقابلوں کیلئے کوالیفائی کیا ہے۔

نشانت نے کَل بینکاک میں عالمی مکے بازی کوالیفائرز میں مردوں کے 71 کلو زُمرے کے کوارٹر فائنل میں، Moldova کے Vasile Cebotari کو، پانچ-صفر سے ہراکر، پیرس اولمپک میں جگہ بنالی۔×

## GDP Growth

مالی سال 24-2023 میں، بھارت کی اصل مجموعی گھریلو پیداوار GDP آٹھ اعشاریہ دو فیصد تک رہنے کا امکان ہے، جبکہ مالی سال 23-2022 میں یہ شرح ترقی سات فیصد رہی تھی۔

اعداد وشمار اور پروگرام پر عمل در آمد کی وزارت کے مطابق، متواتر قیمتوں پر اصل GDP یا GDP، سال 24-2023 میں ایک سو 73 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی سطح پر پہنچ جانے کا تخمینہ ہے۔

وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ GDP کی یہ قابل ستائش شرح ترقی دنیا کی بڑی معیشتوں میں سب سے زیادہ ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ 24-2023 کیلئے GDP کی شرح ترقی کے اعداد وشمار سے، بھارت کی معیشت میں تیز رفتاری ظاہر ہوتی ہے، جس میں اور بھی اضافہ ہوگا۔

BJP صدر جے پی نڈّا نے کہا کہ یہ قابل تحسین سنگ میل، یکسر تبدیلی لانے والی وزیراعظم مودی کی پالیسیوں کی کامیابی اور بھارت کے اُن محنت کَش عوام کے، خود کو اَنتھک طریقے سے وقف کردینے کا ثبوت ہے، جنہوں نے بھارت کو ترقی اور خوشحالی کی بے مثال سطح تک آگے بڑھایا ہے۔×

یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ - فہیم

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے لوک سبھا انتخابات کے آخری مرحلے میں، 8 ریاستوں کی 57 سیٹوں پر آج ہونے والی پولنگ کی خبر کو جلی سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس کے لیے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی سمیت 2 مرکزی وزراء اس مرحلے کے لیے انتخابی میدان میں ہیں۔

بھارت کی GDP نے لگائی چھلانگ، شرح نمو آٹھ اعشاریہ دو فیصد ہوئی۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ خبروں کے مطابق مینو فیکچرنگ اور کان کنی کی سرگرمیوں میں تیزی کی وجہ سے بھارت مالی سال 24-2023 میں مجموعی گھریلو پیدوار میں اس اضافے کے ساتھ دنیا کی سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی معیشت بن گیا ہے۔

روزنامہ ملاپ نے ریزروبینک آف انڈیا RBI کے ذریعے برطانیہ سے 100 ٹن سونا واپس لانے کی خبر کو اہمیت دی ہے، اِسے ملک کی سب سے بڑی کامیابیوں میں سے ایک بڑی کامیابی مانا جا رہا ہے۔

ڈونالڈ ٹرمپ تمام 34 مقدمات میں قصوروار ٹھہرائے گئے ہیں۔ اس خبر کو راشٹریہ سہارا، انقلاب اور ملاپ نے اولیت دی ہے، جن کے مطابق ٹرمپ کسی جرم میں مرتکب پائے جانے والے پہلے سابق امریکی صدر بن گئے ہیں۔

بھارت کی کئی ریاستوں میں گرمیوں کی شدید لہر کا سلسلہ برقرار رہنے کی خبر پر آج کے سبھی اخباروں نے توجہ مرکوز کی ہے، جس کے سبب مختلف ریاستوں میں کئی افراد کی جانیں تلف ہوئی ہیں۔

**آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر**

1. سات ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کے 57 حلقوں میں، ساتویں اور آخری مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے ووٹنگ جاری ہے۔
2. اس مرحلے میں 904 امیدوار ہیں، جن میں وزیراعظم نریندر مودی، انوراگ سنگھ ٹھاکر، روی شنکر پرساد اور منیش تیواری شامل ہیں۔
3. آسام میں سیلاب کی صورتحال اور خراب ہوگئی ہے۔ 11 ضلعوں میں تین لاکھ سے زیادہ افراد متاثر ہوئے ہیں۔
4. محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ ہریانہ، دلّی، پنجاب، راجستھان، اترپردیش، اڈیشہ، بہار اور جھارکھنڈ کے علاقوں میں آج بھی شدید گرمی رہے گی۔
5. اور: امریکہ نے حماس سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ غزہ میں تنازعے کو ختم کرنے کیلئے اسرائیل کی نئی تجویز کو تسلیم کرلے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

----------------------------------------